نیوز ریلیز

شعبۂ تعلقات عامہ

سفارت خانہ، ریاستہائے متحدہ امریکہ

6اکتوبر 2010ء

برائے فوری اجراء

559/2010

رابطہ: رچرڈ سنیلسائر

ترجمان

فون: 0300-501-2640

سوات میں سیلاب سے متاثرہ ہوٹلوں اور فشریز کیلئے 448 ملین روپے کی امریکی مالی اعانت

اسلام آباد (6اکتوبر 2010ء) ___ امریکہ وادئ سوات میں سیلاب سے متاثر ہونے والی سیاحت اور ماہی گیری کی صنعتوں کی بحالی کیلئے 44 کروڑ 80 لاکھ روپے (5.2 ملین ڈالر) کی مالی اعانت فراہم کر رہا ہے۔ امریکی ادارہ برائے بین الاقوامی ترقی (یو ایس ایڈ) نے وادئ سوات کے ہوٹلوں اور ٹراؤٹ مچھلی کے فارموں کو گرانٹس دینے کا عمل شروع کر دیا ہے۔ ہر گرانٹ، کاروبار کی قسم اور حجم کو مدنظر رکھ کر وضع کی جائے گی۔ اس کی مالیت 15 ہزار ڈالر فی ہوٹل اور فارم ہوگی۔

سیاحت اور ماہی گیری دونوں وادئ سوات کی معیشت کا بڑا وسیلہ اور روزگار اور محصولات کا اہم ذریعہ ہیں۔ ان دونوں صنعتوں کو سیلاب کے دوران کافی نقصان پہنچا تھا۔

گرانٹ کیلئے درخواست فارم پُر کرنے کے بعد نیو اسپرنگ ٹراؤٹ فش فارم کے مالک محمد سعید نے کہا کہ یو ایس ایڈ کی مہربانی سے میں جلد ہی اپنی ذات اور اپنے خاندان کو سہارا فراہم کرنے کیلئے دوبارہ اپنا فارم چلانا شروع کر دوں گا، اور اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے اگلے سیزن میں اپنی ٹراؤٹ کی پہلی پیداوار حاصل کرنے کے قابل ہو جاؤں گا۔

2012ء تک کُل 320 ہوٹل اور 31 مچھلی فارم یو ایس ایڈ سے مالی اعانت حاصل کریں گے۔ کاروباری افراد کو پروگرام اور درخواست دینے کے طریقۂ کار کے سلسلے میں معلومات فراہم کرنے کیلئے ورکشاپس منعقد کی جائیں گی۔

یہ گرانٹس یو ایس ایڈ کے وسیع تر منصوبے سوات اقتصادی پروگرام کا حصہ ہیں جو سیلاب کے بعد صفائی اور تعمیر نو کیلئے رقوم فراہم کرتا ہے۔ مستقبل قریب میں یو ایس ایڈ اپنی مالی اعانت کا دائرہ سوات میں سیلاب سے متاثر ہونے والی دیگر صنعتوں تک وسیع کرنے کا منصوبہ رکھتا ہے۔

###

مزید پریس ریلیز کیلئے ہماری ویب سائیٹ: http://islamabad.usembassy.gov ملاحظہ کریں۔

اسلام آباد	لاہور	کراچی	پشاور
سفارت خانہ ریاست ہائے متحدہ امریکہ رمنا-5، اسلام آباد فون: 2080000 E-mail: infoisb@state.gov	50 ایمپریس روڈ فون: 6034000 E-mail: irclahore@state.gov	کلکٹرز لین، 8 عبداللہ ہارون روڈ فون: 5204200 E-mail: irckhi@state.gov	11۔ اسپتال، روڈ، پشاور کینٹ فون: 5285901-3, 5279801-3